**B–44–X**

Roll No..............................

Total No. of Questions : 12]

[Total No. of Printed Pages : 8

# 12th ARM(SZ)JKUT2024

# 1144–X

# URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) ''بزرگانہ نصیحتوں کے بعد کچھ دعائیہ کلمات کی باری آئی۔ بنسی دھر نے سعادت مند لڑکے کی طرح یہ باتیں بہت توجہ سے سنیں اور تب گھر سے چل کھڑے ہوئے۔ اس وسیع دُنیا میں جہاں اپنا استقلال، اپنا رفیق، اپنی ہمّت، اپنا مددگار اور اپنی کوششیں مربی ہیں۔ لیکن اچھے شگون سے چلے تھے۔ خوبی قسمت ساتھ تھی۔ صیغۂ نمک کے داروغہ مقرر ہوئے۔ مشاہرہ



https://www.jkboseonline.com

معقول، بالائی رقم کا کچھ ٹھکانہ نہ تھا۔ بوڑھے منشی جی نے خط پایا تو باغ باغ ہو گئے۔ کلوار کی تسکین و تشفی کی سند لی، پڑوسیوں کو حسد ہوا اور مہاجنوں کی سخت گیریاں مائل بہ نرمی ہو گئیں۔''

سوالات :

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور مصنف کون ہے ؟

(ii) بنسی دھر نے کس انداز میں یہ باتیں سنیں ؟

(iii) بنسی دھر کس عہدے پر فائز ہوئے ؟

(iv) منشی جی نے خط پا کر کیا محسوس کیا ؟

(v) اس وسیع دُنیا میں کون اپنا مربی ہے ؟

(ب) ''شاہ مال بے حد رنجیدہ تھی۔ جب سے یہ مرغا آیا تھا ایک کے بعد ایک بدنصیبی نے اسے اپنے گھیرے میں لیا تھا۔ وہ جانی کو اسی تیکھے انداز میں جواب دیتی جو وہ برداشت بھی نہ کر پاتی۔ کیونکہ وہ تیزطرار جواب دینے میں اُس سے کسی



https://www.jkboseonline.com

طرح کم نہ تھی۔ پھر گال گلوچ شروع ہو جاتی اور زبان کی جنگ چھڑ ہی جاتی اگر ایک مرغا اچانک ڈر کے مارے بھاگ نہ کھڑا ہوتا۔ یہ مریل جانی کا مرغا تھا اور شاہ مال کا مرغا پورے احاطے سے اس کا پیچھا کر رہا تھا۔ شاہ مال کو محسوس ہوا کہ مریل جانی پسینے سے شرابور ہو گئی ہے۔''

سوالات:

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) کون پسینے سے شرابور ہوئی؟

(iii) شاہ مال کو کب سے بدنصیبی نے گھیر لیا تھا؟

(iv) شاہ مال جانی کو کس انداز سے جواب دیتی؟

(v) کس کا مرغا کس کے مرغے کا پیچھا کر رہا تھا؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے: ۲×۴=۸

(i) مرزا ظاہر دار بیگ کو جمعدار سے کیا تعلق تھا؟

(ii) سرسید احمد خان نے علمی میدان میں کیا کارنامے انجام دیئے؟



https://www.jkboseonline.com

(iii) پطرس بخاری نے جو بائیسکل مرزا سے خریدی تھی اس کا خاکہ تحریر کیجئے۔

(iv) مصنف جاپان کو اطمینان کے ساتھ کیوں نہ دیکھ سکا ؟

۳۔ ''سوانح نگاری'' یا ''انشائیہ'' پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۶

۴۔ سر سید احمد خان کے حالات زندگی یا مولوی نذیر احمد کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۶

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری جُز کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے : ۵×۲=۱۰

(الف) فرطِ خشکی سے وہ لب ترسیں تکلم کے لئے
جن کو قدرت نے تراشا ہو تبسُّم کے لئے
دست نازک کو رسن سے اب چھڑانا چاہیے
اس کلائی میں تو کنگن جگمگانا چاہیے

(i) یہ شعری جُز کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے؟



https://www.jkboseonline.com

(ii) فرطِ خشکی سے لب کس کے لئے ترستے ہیں ؟

(iii) قدرت نے لبوں کو کس لئے تراشا ہے ؟

(iv) دست نازک کو کس سے چھڑانا چاہیے ؟

(v) کلائی میں کیا جگمگانا چاہیے ؟

(ب) دریا کی طرف پیاس میں تکتے نہیں غازی

گر شیر بھی جھپٹے، تو سرکتے نہیں غازی

تلواروں میں آنکھوں کو جھپکتے نہیں غازی

بجلی بھی گرے تو جھجکتے نہیں غازی

دم ہونٹوں پہ آئے تو شجاعت نہیں جاتی

مرنے پر بھی چہرے کی بشاشت نہیں جاتی

(i) یہ شعری جُز کس مرثیہ سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے ؟

(ii) کس وجہ سے غازی دریا کی طرف نہیں تکتے ؟



https://www.jkboseonline.com

(iii) تلواروں میں غازی کیا کرتا ہے ؟

(iv) بجلی گرنے پر غازی کیا نہیں کرتا ؟

(v) مرنے پر غازی کے چہرے سے کیا نہیں جاتی ؟

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھیے : ۵×۲=۱۰

(الف) حیدر علی آتش یا پروین شاکر کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔

(ب) مومن خان مومن یا حسرت موہانی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجیے۔

(ج) اسد اللہ خان غالب کی شاعرانہ عظمت بیان کیجیے۔

(د) غزل یا قصیدے پر نوٹ لکھیے۔

۷۔ نظم ''اے شریف انسانو'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ ۶

یا

''اقبال'' یا جوش کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

۸۔ صرف دو اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے : ۴

حسنِ مطلع۔ شاہ بیت۔ حسنِ تعلیل۔ صنعتِ تجنیس۔



https://www.jkboseonline.com

۷×۲=۱۴

۹۔ ذیل میں سے دو سوالات کے جواب تفصیل سے لکھئے:

(الف) ترقی پسند تحریک کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(ب) دبستان لکھنؤ کی ادبی اہمیت تحریر کیجئے۔

(ج) مرزا غالبؔ نے اپنے خطوط کے ذریعے اردو نثر کو ایک نئی راہ دکھائی۔ اس پر اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

(د) علی گڑھ تحریک کی علمی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

۱۰۔ اپنے دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد کا ایک خط لکھئے۔ ۸

https://www.jkboseonline.com

یا

سائیکل چوری سے متعلق اپنے علاقہ کے تھانہ انچارج کی خدمت میں ایک عرضی لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو (200) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے: ۱۲

(i) جنگ اور امن



https://www.jkboseonline.com

(ii) ماحول کی کثافت کے زہریلے اثرات

(iii) علم کے فوائد

یا

اپنے شہر میں منائے گئے ''یومِ جمہوریہ'' کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجیے۔

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے ہر سوال کا جواب ایک یا دو الفاظ میں لکھیے : ۶

(i) کلیم کہاں سویا تھا ؟

(ii) غلام خان نے شاہ مال کو مرغے کی قیمت کتنی بتادی ؟

(iii) مرزا غالب کا پورا نام کیا ہے؟

(iv) سبق ''مرحوم کی یاد میں'' کس صنفِ نثر سے تعلق رکھتا ہے ؟

(v) ''دبستان دلی'' کے دو مشہور غزل گو شعرا کے نام لکھیے۔

(vi) ''خود کلامی'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے ؟

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से



https://www.jkboseonline.com